رنگیلا نروہ

ہندوستان کے ساتھ دفاعی ساز وسامان کی سپلائی سے متعلق بڑھتے ہوئے تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے پہلی بار امریکی محکمہ دفاع نے جنوری میں نئی دہلی میں ہندوستان کی دفاعی نمائش میں حصہ لیا۔ امریکہ نے اپنا جو دفاعی ساز وسامان نمائش کے لئے پیش کیا ان میں بکتر بند ہموی یعنی ہائی موبی لیٹی ملٹی پرپز وہیلڈ ویکل، بے پائلٹ فضائی گاڑیاں اور ٹینک شکن میزائل سیمولیٹر شامل تھے۔ امریکی فوج کے نے ٹنک سولجر سینٹر سے وابستہ آلات کے ایک ماہر ڈین ہرش مین نے سفیر امریکہ برائے ہند ڈیوڈ سی ملفورڈ اور امریکی دفاعی اتاشی کرنل اسٹیون سبوٹو کو مستقبل کے فورس وارئیر پروگرام کے اجزا سے واقف کرایا۔ امریکہ میں قائم کمپنی رے تھیون انٹرنیشنل انکارپوریشن کے ہندوستانی منیجر اے کے ماتھر نے سفیر امریکہ کو یہ بھی بتایا کہ پیٹریاٹ میزائل سسٹم فائر یونٹ بیٹری بھی نمائش میں لگی ہے۔

امریکی جاز فنکار کینی گیرٹ اور ان کے چار رکنی طائفے نے مغنیہ لیزا ہنری کی معیت میں، ۲۵ جنوری کو ممبئی میں گیٹ وے آف انڈیا پر ۱۲۰۰ سے زیادہ سامعین کو لطف اندوز کیا۔ یہ فنکار ایچ آئی وی / ایڈز کے بارے میں لوگوں کو بیدار کرنے کے ساتھ جنوب ایشیائی زلزلے کے متاثرین کے لئے فنڈ جمع کرنے کے لئے اپنے فن کا مظاہرہ کر رہے تھے۔ مزید فنکارانہ مظاہروں کے لئے کلکتہ جانے سے قبل، گیرٹ نے ان چالیس جاز موسیقاروں کے ساتھ ملاقات کی جنھوں نے یہ دریافت کیا تھا کہ ہندوستان اور دوسری ثقافتوں نے ان کی موسیقی پر کس طرح اپنی چھاپ ڈالی ہے۔

خبر منظر

نورتا کپور نورنگ

یکم مارچ سے ۸ مارچ تک، انڈیا ہیبیٹیٹ سنٹر، نئی دہلی میں منعقدہ ایک نمائش میں امریکی واٹر کلر مصوّر ولیم میتھیوز کے شاہکاروں کی رونمائی کی گئی۔ اس نمائش کا موضوع ''کاؤبوائز اینڈ انڈیا: امریکی جنوب اور راجستھان کی تصویریں'' تھا۔ میتھیوز، امریکی جنوب کے وسیع ترین مویشی خانوں میں مصروف کار کاؤبوائز پر اپنی تصویروں کے لئے مشہور ہیں۔ انھوں نے ان علاقوں میں خوب سفر کیا اور مقامی اور دیہی لوگوں کی تصویر کشی کی۔ بڑے پیمانے پر یکجا اور نمایاں کی جانے والی ان کی تصویریں متعدد نجی اور میوزیم ذخائر کا جز ہیں۔ ان میں، کوڈی، یومنگ میں واقع بفیلو بل ہسٹوریکل سنٹر، اوکلاہاما سٹی میں، نیشنل کاؤبوائے ہال آف فیم، اینڈیانا پولیس، انڈیانا میں واقع آئٹ جورگ میوزیم اور کولوریڈو کا ڈین ورآرٹ میوزیم قابل ذکر ہیں۔

پیگاوس، واٹر کلر، ۶۴x۷۲ سینٹی میٹر

میٹھو رودھرن